Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کے اجلاس کا اعلامیہ

10 اگست 2023

- پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کا اہم ترین اجلاس
- اٹک جیل میں نہایت ناگفتہ بہ حالات میں قید چیئرمین پاکستان تحریک انصاف کی صحت و سلامتی کے خصوصی ایجنڈا زیرِ غور
- پاکستان تحریک انصاف کا چیئرمین عمران خان کی صحت و سلامتی کو سنجیدگی سے نہ لینے پر شدید احتجاج
- چیئرمین عمران خان کو گھر سے کھانا اور پانی منگوانے کی اجازت میں تاخیر پر بھی شدید تشویش کا اظہار
- چیئرمین پاکستان تحریک انصاف عمران خان کی فوری طور پر اٹک سے اڈیالہ جیل منتقلی کا مطالبہ
- چیئرمین عمران خان کی صحت و سلامتی کے حوالے سے حکّام کے طرزِ عمل سے ہرگز مطمئن نہیں۔
- عمران خان پہلے ایک مرتبہ قاتلانہ حملے اور قتل کی متعدد کوششوں کا نشانہ بن چکے ہیں۔
- ایک متنازع عدالتی فیصلے کے نتیجے میں قید کئے جانے کی آڑ میں ان کی صحت و سلامتی کو خطرے میں ڈالنے کی قطعاً اجازت نہیں دے سکتے۔
- قواعد اور جیل مینوئل کے مطابق معیاری اور محفوظ کھانا چیئرمین عمران خان کا بنیادی استحقاق ہے۔
- عدالت صورتحال کا فوری نوٹس لے اور چیئرمین عمران خان کو گھر سے کھانا اور پانی منگوانے کی اجازت دے۔
- عدالت چیئرمین پاکستان تحریک انصاف عمران خان کی اٹک سے اڈیالہ جیل فوری منتقلی کے احکامات بھی صادر کرے۔

---پاکستان تحریک انصاف کور کمیٹی

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ

Plot # 1-A, Street # 32, Sector G-8/4, Islamabad, Pakistan
Tel: +92 51 2610046, +92 51 26102047, Website: www.insaf.pk